© rasailojaraid.com

عینک فریمی

# زبان میری ہے بات اُن کی

○ قائد لیگ پر قابض افراد نواز کے مالشیئے ہیں (میاں اظہر)

اور مالش کا سامان، آپ مہیا کرتے رہے

○ جمالی نے ''بریف کیس'' کے ذریعے نہیں، جمہوری طریقے سے اعتماد کا ووٹ حاصل کیا (بیرسٹر اورنگ زیب)

اس دفعہ سادگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ''بریف کیس'' نہیں ''تھیلے'' استعمال کیے گئے ہیں

○ مسلمانوں کا چرچ جانا اور عیسائیوں کو مسجد لانا سنت ہے۔ (طاہر القادری)

عیسائی بُرا ہے نہ مسلمان بُرا ہے
ظلم کرے جو انسان بُرا ہے

○ میری قائد ''بے نظیر'' ہیں۔ (راؤ سکندر وزیر دفاع)

کوئی شک نہیں!

○ یکم جنوری کو نئے سال کا آغاز مانتا ہی نہیں، نیو ائیر کیا مناؤں؟ (نواب زادہ نصر اللہ خان)

خوش کیتا۔ جے بابا جی!

○ اگر ''ن'' لیگ کا بھاری مینڈیٹ دو سال تک نہ چل سکا، تو ''ق'' لیگ کا بھاری وزیر اعظم کب تک چلے گا؟ (راجہ انور)

رہے نام اللہ کا!

○ بی جے پی کی طرح مجلس عمل بھی انتہا پسند ہے۔ (فخر زمان)

کسی بھارتی، کا دیا کھیان لگتا ہے۔

○ اب چور دروازے سے قیادت نہیں آئے گی۔ (چودھری شجاعت)

''جو آچکی سو آچکی!''

○ واشنگٹن: امریکی پادریوں کی ۳۴ ہزار راہباؤں سے زیادتی۔ (ایک خبر)

تقدیس انسانیت کے علمبردار عیسائیوں کا کردار!

○ صدر مشرف سے وردی اتارنے کا مطالبہ کرنا غیر شرعی ہے۔ (مفتی عبد القوی)


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہم نشیں! قبض کی شکایت ہے ٹی جاتا ہوں پر نہیں آتی
پہلے آتی تھی گولی کھانے پر اب کسی بات پر نہیں آتی

○ میں قوم پرست نہیں حُسن پرست ہوں۔ (پیر پگاڑو)

پیر صاحب! حسینوں سے فقط صاحب سلامت دور کی اچھی
نہ ان کی دوستی اچھی نہ ان کی دشمنی اچھی

○ تل ابیب میں خودکش دھماکے۔۲۲ سے زائد ہلاک (ایک خبر)

''پریشاں کرنے والوں کو پریشاں ہم نے دیکھا ہے''

○ مذہبی تنگ نظری ختم ہونی چاہیے۔ (روبینہ ترین)

''یعنی چھے سات مرد' دو چار عورتیں اور اِن کو کھلا ڈُلا ملنے دیں!''

○ ایم ایم اے والوں کو ذرا سی بھی عقل ہوتی تو آج نقشہ کچھ اور ہوتا۔ (شیخ رشید)

خدا جب حسن دیتا ہے' نزاکت آ ہی جاتی ہے
قدم قدم پر رکتے ہیں' کمر بل کھا ہی جاتی ہے

○ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں۔ (اکبر علی بھٹّر)

چاہے دُکھتے اور بہتے ہی کیوں نہ ہوں!

○ جیالے' بھٹو کی سالگرہ کے کیک پر ٹوٹ پڑے' کرسیاں الٹا دیں۔ (ایک خبر)

اسی رج کے بھنگاں پیتیاں...... ہے جمالو......نالے کیک کھالو!

○ پاکستان نے امریکہ سے جتنا تعاون کیا' اس کے ساتھ اتنا اچھا سلوک نہیں کیا گیا۔ (وزیر خارجہ خورشید محمود قصوری)

آپ کو اب خیال آیا ہے
لوگ پہلے بھی مسکراتے تھے

○ مجھے خدشہ تھا' چور نعلین مبارک برطانیہ لے جائیں گے۔ (مفتی غلام سرور قادری)

عبا و جبہ و دستار بے ہنر ٹھہرے
ازل کے کور نظر آج دیدہ ور ٹھہرے

○ ہم کسی کے لیے دعا کریں تو اللہ تعالیٰ قبول کرتا ہے۔ (عمران حیدر زیدی)

دامن کو ذرا دیکھ' ذرا بندِ قبا دیکھ!



© rasailojaraid.com